Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

8 فروری، 2021

عزیزی مڈل اسکول خاندان،

میں امید کرتا ہوں کہ آپ اور آپ کے پیارے محفوظ اور خیریت سے ہیں۔ آج میں آپ کو ایک مسرت بھری خبر دینے کے لیے تحریر کر رہا ہوں: ہم اپنے مڈل اسکولوں کو ذاتی طور پر موجودگی میں (اِن پرسن) تعلیم کے لیے جمعرات، 25 فروری کو دوبارہ کھولیں گے۔

تعلیمی سال کے آغاز سے، میں نے آپ میں سے کئی ایسے افراد سے سنا ہے جو اپنے بچے کو طبعی کلاس روم میں بھیجنے کے لیے بے چین ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم ہمارے پُرعزم معلمین کے ساتھ ذاتی طور پر موجوگی میں تعلیمی تجربے کی پیشکش کرتے ہوئے اپنے گریڈ 7، 6 اور 8 میں طلبا کے لیے صحت اور تحفظ کو ترجیح دینے والے انداز میں عمارتوں کو دوبارہ کھولیں گے۔

ہم نے اسکول کی برادریوں کو صحت مند اور محفوظ رہنے میں مدد کرنے کے لیے اور ہماری عمارتوں میں طلبا کے لیے ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم کے وقت کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے مستحکم طریقوں کو فروغ دیا ہے۔ آپ کا اسکول ذاتی طور پر موجودگی میں دوبارہ کیسے کھلے گا اس بارے میں آپ کو جو کچھ بھی جاننے کی ضرورت ہے وہ ذیل میں ہے:

ہفتہ وار COVID-19 ٹیسٹنگ اور لازمی اجازت

- تمام اسکولوں میں 20% طلبا اور عملے کا بلا ترتیب انداز میں ہفتہ وار بنیاد پر ٹیسٹ کیا جائے گا۔
- جن طلبا نے ابھی تک ایسا نہیں کیا ہے تو ان سے ٹیسٹ کرنے کے لیے اجازت نامہ ان کے ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم کے شیڈول کردہ پہلے دن فراہم کرنا مطلوب ہے تاکہ وہ ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم حاصل کر سکیں۔
- اہلِ خانہ سے ان کے بچے کے ذاتی طور پر موجودگی میں تعلیم کے پہلے دن سے قبل mystudent.nyc پر نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے ذریعے اجازت جمع کروانے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

اگر آپ کا NYCSA اکاؤنٹ پہلے سے ہی آپ کے طالب علم (طلبا) کے ساتھ وابستہ ہے:

- لاگ اِن ہوں، اپنے بچے کے نام پر کلک کریں، "Manage Account" پر کلک کریں اور جب ایک ڈراپ ڈاون مینو سامنے آئے، "Consent Forms" پر کلک کریں۔
- صفحے کا مطالعہ کریں، اور پھر آخر میں اپنے طالب علم کے لیے اجازت کا انتخاب منتخب کریں۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے ایک NYCSA اکاؤنٹ نہیں ہے:

- آپ اِبھی ایک فوراً بنا سکتے ہیں! اگر آپ کے پاس اسکول کی طرف سے ایک اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ ہے، آپ تقریباً پانچ منٹ میں ایک مکمل اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں، اور اسکے بعد مندرجہ بالا واضح کردہ اجازت نامہ فراہم کریں۔
- اگر آپ کے پاس اپنے اسکول کی جانب سے ایک اکاؤنٹ تخلیقی کوڈ نہیں ہے، آپ ابھی بھی "COVID-19 Testing" کے نیچے "Manage Consent" پر کلک کر کے اپنا اجازت نامہ فوری طور پر فراہم کر سکتے ہیں اور اجازت نامہ فراہم کرنے کے لیے اپنی اور اپنے بچے کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔
- آپ اس خط کے ساتھ منسلک فارم کو چھاپ (پرنٹ کر) سکتے ہیں اور جمع کروا سکتے ہیں۔
- **جو طلبا اجازت نامہ جمع نہیں کروائیں گے ان کو فوری طور پر مکمل ریموٹ تعلیم میں منتقل کر دیا جائے گا۔**

تعلیمی ترجیح اور ذاتی طور پر موجودگی کا شیڈول

آپ میں سے جن افراد نے اپنے بچے کو یا تو تعلیمی سال کے آغاز سے قبل یا نومبر میں شامل (آپٹ اِن) ہونے کے دورانیے کے دوران مخلوط (بلینڈڈ) تعلیم کے طریقے کو تعلیمی ترجیح کے طور پر منتخب کیا تھا، آپ کے بچے کا اسکول ان کے نئے شیڈول کے ساتھ آپ سے جلد رابطہ کرے گا۔

اگر آپ نے سابقہ طور پر بلینڈڈ تعلیم کا انتخاب کیا تھا لیکن مکمل طور پر ریموٹ تعلیم میں رہنا چاہتے ہیں تو آپ https://www.nycenet.edu/surveys/learningpreference پر جلد از جلد اپنی ترجیح کو تبدیل کر کے ایسا کر سکتے ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

حاضری

براہِ کرم نوٹ کریں کہ بلینڈڈ تعلیم کے طلبا سے متواتر بنیاد پر ذاتی طور پر موجودگی میں شرکت کرنا مطلوب ہے۔ اگر آپ کا بچہ ذاتی طور پر موجودگی میں باقاعدگی سے شرکت نہیں کر رہا ہے آپ کا اسکول آپ سے رابطہ کرے گا، اور اگر ذاتی طور پر موجودگی میں حاضری بے قاعدہ رہنا جاری رہتی ہے تو آپ کے بچے کو مکمل طور پر ریموٹ تعلیم میں منتقل کر دیا جائے گا۔ اس طرح اسکول ذاتی طور پر موجودگی (اِن پرسن) طلبا کے لیے اِن پرسن تعلیم کے ایام میں اضافہ کر سکیں گے۔

اگر آپ سفر کرتے ہیں

برائے مہربانی یاد رکھیں جن طلبا یا عملے (کے ارکان) نے حال ہی میں نیو یارک شہر سے باہر ریاست سفری انتباہ کی فہرست میں شامل کسی مقام کی جانب سفر کیا تھا تو ان کو 10 دن کے لیے کوارنٹین کرنا لازمی ہے یا https://coronavirus.health.ny.gov/covid-19-travel-advisory پر پائی جانے والی ریاست کی رہنمائی کی بنیاد پر ٹیسٹ کروا کر 10 دن کے کوارنٹین سے خارج ہوں۔

- محکمئہ تعلیم کے طلبا کو شہر بھر میں ٹیسٹنگ کے H+H مقامات تک رسائی کے لیے ترجیح حاصل ہو گی، مقامات کی ایک فہرست کو ذیل پر پایا جا سکتا ہے https://www.schools.nyc.gov/school-year-20-21/return-to-school-2020/health-and-safety/covid-19-testing.

آپ کا بچہ چاہے کہیں سے بھی تعلیم حاصل کر رہا ہو، ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ وہ قوی، اعانتی تعلیم موصول کریں۔ ہم جانتے ہیں آپ کے طالبِ علم کے لیے اسکول کتنا اہم ہے، چاہے بلینڈڈ ہو یا ریموٹ — اور اس دشوار وقت کے دوران ان کے لیے ہماری عہد بستگی غیر متزلزل رہے گی۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم